طلبہ، طالبات اور عوام کو حضور ﷺ کے حقوق
سکھانے کے لیے 14 دروس پر مشتمل

مختصر

# فہمِ حقوقِ مصطفیٰ ﷺ

## جسمیں آپ سیکھیں گے

- ایک امّتی پر حضور ﷺ کے کونسے 6 بنیادی حقوق عائد ہوتے ہیں؟
- انسانیت پر حضور ﷺ کے 6 بنیادی احسانات کیا ہیں؟
- حضور ﷺ کی سنتوں کو اپنی زندگی میں لانے کا آسان طریقہ کیا ہے؟
- کیا ہمیں حضور ﷺ سے سچی محبت ہے؟ اس کو پہچاننے کی 6 علامتیں کیا ہیں؟
- حضور ﷺ سے محبت پیدا کرنے کے 6 اہم طریقے کیا ہیں؟
- حضور ﷺ سے اظہار محبت کے 3 بنیادی اصول اور اظہار محبت کے مروجہ طریقوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
- حضور ﷺ سے اپنا تعلق بڑھانے، جوش، جذبہ پیدا کرنے والے 116 دلچسپ واقعات، مستند احادیث کی روشنی میں
- ایک مسلمان حضور ﷺ کے دین کی مدد و نصرت کے لیے کیا کیا شکلیں اختیار کر سکتا ہے؟
- خطباء، علماء، آئمہ، مقررین، واعظین اور دعوت و تبلیغ کا کام کرنے والوں کے لیے مؤثر انداز میں، مستند طریقے سے سیرت النبی ﷺ بیان کرنے کے لیے علمی تحقیقی مواد
- معلمین، معلمات اس کتابچہ کے ساتھ تفصیلی کتاب "فہم حقوق مصطفیٰ ﷺ" کو بھی اپنے مطالعہ میں رکھیں


مرتب

مفتی منیر احمد صاحب



المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# فہم حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

- ✓ فہم حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عنوانات سے متعلق PDF ڈاؤنلوڈ بھی کر سکتے ہیں اور سن بھی سکتے ہیں
- ✓ PDF ڈاؤنلوڈ کرنے کی علامت Download
- ✓ آڈیو ڈاؤنلوڈ کرنے کی علامت AUDIO
- ✓ ڈاؤنلوڈ کرنے کے لیے علامت پر ٹچ کریں

almuneer.pk

مرتب: مفتی منیر احمد صاحب
استاذ: جامعہ معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
AL MUNEER MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)


- کتاب کا نام : مختصر فہم حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- مرتب : مفتی منیر احمد صاحب
- واٹسپ نمبر : 0331-2607204

(المنیر کے واٹسپ گروپ میں شامل ہونے کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں)

- تاریخ طباعت : صفر المظفر 1446ھ اگست 2024ء
- ناشر : المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
- ای میل : almuneermarkaz214@gmail.com
- ویب سائٹ : almuneer.pk
- فیس بک : AlMuneerOfficial
- یوٹیوب : AlMuneer

(مختلف کورسز کی ریکارڈنگ یہاں سے سنی جاسکتی ہے)

ملنے کا پتا

**مکتبة المنير**

متصل جامع مسجد الفلاح بلاک "H" شمالی ناظم آباد، کراچی

فون نمبر: 0331-2607204-07


almuneer.pk

# مختصر فہم حقوق مصطفیٰ ﷺ

- تمہیدی بات
- پہلا حق: حضور ﷺ پر ایمان لانا
- دوسرا حق: حضور ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنا
- تیسرا حق: حضور ﷺ سے وابستہ ہر چیز کا ادب کرنا
- چوتھا حق: حضور ﷺ کی اتباع کرنا
- پانچواں حق: حضور ﷺ کے ساتھ محبت کرنا
- چھٹا حق: حضور ﷺ کے لائے ہوئے پیغام اور دین کی مدد ونصرت کرنا

# پہلا درس:

## تمہیدی بات

Download

❑ ہر نسبت کی بناء پر کچھ حقوق عائد ہوتے ہیں حضور ﷺ کے ساتھ ہماری مختلف نسبتیں ہیں اور اس کی وجہ سے ہم پر بھی حضور ﷺ کے حقوق ہیں۔

almuneer.pk

امت پر حضور ﷺ کے چھ بنیادی حقوق ہیں:

(1) حضور ﷺ پر ایمان لانا

(2) حضور ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنا

(3) حضور ﷺ سے وابستہ ہر چیز کا ادب کرنا

(4) حضور ﷺ کی اتباع کرنا

(5) حضور ﷺ کے ساتھ محبت کرنا

(6) حضور ﷺ کے لائے ہوئے دین کی مدد کرنا

Download
AUDIO

# پہلا حق: حضور ﷺ پر ایمان لانا

## ❏ حضور ﷺ پر ایمان لانا اور حضور ﷺ کو خَاتَمُ النَّبِیّٖن (آخری نبی) ماننا ہے

● **ختم نبوت کے لغوی معنی:** کسی چیز کو اس طرح بند کرنے کے ہیں کہ نہ اس کے اندر کی چیز باہر نکل سکے اور نہ باہر کی چیز اس کے اندر جا سکے، اس سے اس کے دوسرے معنی کسی شے کو بند کر کے اس پر مہر کرنے کے ہیں قرآن مجید میں کئی آیتوں میں اور احادیث صحیحہ میں یہی معنی استعمال ہوئے ہیں۔

● **ختم نبوت کی اہمیت:** قرآن کریم کی ایک سو سے زائد آیات اور آنحضرت ﷺ کی تقریباً 210 احادیث سے یہ مسئلہ ثابت ہے۔ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین عظام، تبع تابعین، ائمہ مجتہدین اور چودہ صدیوں کے مفسرین، محدثین، فقہاء متکلمین، علماء اور صوفیاء کا اس پر اجماع ہے۔

● **مسلمانوں کی ذمہ داریاں:** مسلمانوں کو قادیانیوں کے ساتھ معاشرتی و مذہبی میل جول شریعت اسلامیہ کے اعتبار سے قطعاً ناجائز ہے، رابطہ عالم اسلام نے اپریل 1974 کے ایک بڑے اجتماع میں جو مکہ مکرمہ میں منعقد ہوا تھا ایک قرداد منظور کی جس میں اسلامی ممالک اور 144 مسلم آبادیوں کی تنظیموں کے نمائندے شامل تھے جس کی شق 3 یہ ہے کہ: ”مرزائیوں (دونوں گروپ) سے مکمل عدم تعاون اقتصادی معاشرتی اور ثقافتی ہر میدان میں مکمل بائیکاٹ کیا جائے اور ان کے کفر کے پیش نظر ان سے شادی بیاہ کرنے سے اجتناب کیا جائے اور ان کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جائے“۔

almuneer.pk

## دوسرا درس:

# دوسرا حق: حضور ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھنا

Download
AUDIO

- حضور ﷺ پر درود پڑھنے کی قرآن کریم میں ہدایات دی گئی ہیں۔
- حضور ﷺ پر زندگی میں ایک مرتبہ درود پڑھنا فرض ہے اور جب مجلس میں حضور ﷺ کا نام لیا جائے تو درود پڑھنا واجب ہے۔
- درود شریف کے بہت فضائل ہیں:

1) اللہ تعالیٰ کے حکم کی اطاعت کا ثواب ملتا ہے۔(احزاب:56)
2) فرشتوں کے ساتھ موافقت ہو جاتی ہے۔(ایضاً)
3) 10 رحمتیں ملتی ہیں، 10 گناہ معاف ہوتے ہیں، 10 درجات بلند ہوتے ہیں۔
4) پریشانیوں، غموں سے نجات ملتی ہے۔ 5) حضور ﷺ کا قرب ملتا ہے۔
6) آپ ﷺ کی شفاعت ملتی ہے۔ 7) دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

almuneer.pk

❑ احادیث میں درج ذیل موقعوں اور اوقات میں درود پڑھنے کی تاکید فرمائی گئی ہے۔

1) مسجد میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت
2) روضہ مبارک پر حاضری کے وقت
3) مجلس کے ختم پر
4) شب جمعہ اور جمعہ کے دن
5) صبح و شام
6) اذان کا جواب دینے کے بعد
7) دعا کے شروع اور آخر میں
8) ختم قرآن کے موقع پر
9) بیان، وعظ اور خطبہ کے وقت
10) رنج و غم کے وقت
11) تلبیہ کے بعد، حجر اسود کے استلام کے وقت، صفا و مروہ پر سعی کے وقت

❑ درود شریف نہ پڑھنے پر وعیدیں آئی ہیں:

1) جس شخص کے سامنے حضور ﷺ کا نام آئے اور وہ درود نہ پڑھے، اس کے لیے ہے۔ جبرئیلؑ نے ہلاکت اور بربادی کی بددعا ہے۔

2) اور ایسے شخص کو حضور ﷺ نے بخیل فرمایا۔

❑ سب سے افضل اور مستند ترین درود شریف درود ابراہیمی ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے۔

almuneer.pk

Download
AUDIO

# تیسرا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستہ ہر چیز کا ادب کرنا

- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم اور ادب کا قرآن کریم میں حکم دیا گیا ہے۔
- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب کے بارے میں قرآن کریم میں ہمیں 4 ہدایات دی گئی ہیں؟

(1) **حضور ﷺ سے آگے مت بڑھو:** 8 واقعات، آگے نہ بڑھنے میں یہ بھی ہے کہ تعلیمی، معاشی، معاشرتی کسی بھی نظام کو حضور ﷺ کے بتائے ہوئے نظام سے مقدم نہ کریں۔

(2) **اپنی آواز کو حضور ﷺ کی آواز سے بلند مت کرو:** 3 واقعات، آوز بلند نہ کرنے میں یہ بھی شامل ہے کہ اذان، قرآن اور حدیث کی آواز سے بھی اپنی آواز بلند نہ کریں۔

(3) **جس طرح آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے، بلاتے ہو اس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مت پکارو:** صرف نام پر اکتفاء نہ کریں، جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لیں درود پڑھیں۔

(4) مسلمانوں کو حکم دیا کہ جب تم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرگوشی کرو تو اس سے پہلے صدقہ دیا کرو

## ادب کے واقعات

(1) حدیث کے ادب کے 15 واقعات

(2) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شہر کے ادب کے 5 واقعات

(3) روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 2 واقعات

almuneer.pk

# تیسرا درس:

## چوتھا حق: حضور ﷺ کی اتباع کرنا

□ چار وجوہ سے حضور ﷺ ہی کی اتباع ضروری ہے۔

Download
AUDIO

### پہلی وجہ: آپ ﷺ کی زندگی تاریخی اعتبار سے مستند ہے

Download
AUDIO

(1) آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت تمام طریقوں سے ہوئی ہے

**پہلا طریقہ:** آپ ﷺ کی سیرت کی حفاظت تحریر سے ہوئی ہے۔

**دوسرا طریقہ:** آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت حافظے سے بھی ہوئی ہے۔

**تیسرا طریقہ:** آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت عمل سے بھی ہوئی ہے۔

**چوتھا طریقہ:** آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت تعلیم و تبلیغ سے بھی ہوئی ہے۔

(2) آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت شروع سے ہوئی ہے

(3) آپ ﷺ کی سیرت کی حفاظت کا ایک بڑی جماعت نے اہتمام کیا ہے

(4) آپ ﷺ کی سیرت کی حفاظت میں درمیان میں کہیں انقطاع نہیں ہے

(5) آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت انتہائی معیاری طور پر ہوئی ہے

almuneer.pk

# چوتھا درس:

## بقیہ چوتھا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرنا

دوسری وجہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کے تمام پہلو سامنے ہیں کوئی گوشہ مخفی نہیں

(1) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذاتی احوال (2) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عبادات

(3) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معمولات (4) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق

(5) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنوں اور غیروں کے درمیان (یہ سب کتب حدیث میں موجود ہیں)

Download
AUDIO

تیسری وجہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی تمام انسانی کمالات کا مجموعہ اور کامل نمونہ ہے

(1) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت تمام انبیاء کی سیرت کا مجموعہ ہے

(2) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت مختلف متضاد صفات کا مجموعہ ہے

(3) تعلیمی جامعیت: نبوی درسگاہ سے ہر طرح کے ماہرین پیدا ہوئے ہیں

Download
AUDIO
almuneer.pk

# پانچواں درس:

## بقیہ چوتھا حق: حضور ﷺ کی اتباع کرنا

### چوتھی وجہ: آپ ﷺ کی زندگی آپ ﷺ کی تعلیمات کا عملی نمونہ ہے

حضور ﷺ کی زندگی عملی زندگی تھی، آپ ﷺ نے عبادات، معاملات اور اخلاق میں جو کہا، سکھایا اس سے بڑھ کر کر کے دکھایا۔

- آپ ﷺ کی کی نماز، روزہ، زکوۃ اور ذکر کے واقعات
- آپ ﷺ کے اخلاق اور قرآنی و آسمانی شہادتیں، اہل و عیال کی شہادتیں
- آپ ﷺ کے زہد، ایثار، توکل اور دشمنوں کے ساتھ اخلاق کے واقعات

almuneer.pk

# چھٹا درس:

## بقیہ چوتھا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرنا

❑ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کی بہت برکات ہیں، اہمیت ہے اور ترک اتباع کے بہت نقصانات ہیں۔ Download

❑ طریقہ اتباع

almuneer.pk

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک سنتوں کو اپنے اندر لانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ روزمرہ کی زندگی میں جو کام بار بار کیے جاتے ہیں جیسے: کھانا پینا، سونا جاگنا، گھر، بیت الخلاء، مسجد میں داخل ہونا باہر نکلنا، سوار ہونا، بازار جانا، راستہ میں چلنا۔ پہلے ان سے متعلق سنتوں کو اپنی زندگی میں لے آئیں۔

● سنتوں کو اپنی زندگی میں کیسے لائیں اس کے لیے موقع محل کی سنتوں سے متعلق مفتی منیر احمد صاحب مدظلہ کی درج ذیل رسائل دیکھیں:

| | |
|---|---|
| فہم سنت کورس | خوشگوار ازدواجی زندگی کی سنتیں (تحفہ دلہا) |
| خوشگوار ازدواجی زندگی کی سنتیں (تحفہ دلہن) | باحیا و پاکدامن بنانے والی 46 سنتیں |
| کمانے اور خرچ کرنے کی 53 سنتیں | فتنوں سے حفاظت کی 40 سنتیں |
| ہدایت حاصل کرنے کی 13 سنتیں | رشتہ داریاں نبھانے کی 12 سنتیں |
| لباس کی 33 سنتیں | کھانے پینے کی 55 سنتیں |

# ساتواں درس:

## پانچواں حق: حضور ﷺ سے محبت کرنا

❑ قرآن و حدیث میں ہمیں حضور ﷺ سے محبت کا حکم دیا گیا ہے

❑ حضور ﷺ سے محبت کے 2 ثمرات ہیں:

Download
AUDIO

(1) حضور ﷺ کی محبت تمام محبتوں پر غالب کرنے سے ایمان کی حلاوت نصیب ہوتی ہے۔

(2) حضور ﷺ کی محبت سے حضور ﷺ کی معیت نصیب ہو گی۔

❑ حضور ﷺ سے محبت کی 3 وجوہات ہیں

(1 کمال)

**1. جو تھوڑا تھوڑا سب کے پاس تھا وہ سارا کا سارا محمد رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا**

Download
AUDIO

نوح علیہ السلام کی طرح دعوت — ابراہیم علیہ السلام کی طرح ہجرت و بت شکنی

موسیٰ علیہ السلام کی طرح جہاد نظم و نسق — عیسیٰ علیہ السلام کی طرح تواضع

داود علیہ السلام کی طرح حمد و مناجات — سلیمان علیہ السلام کی طرح بادشاہت و ذہانت

ایوب علیہ السلام کی طرح صبر و شکر — یونس علیہ السلام کی طرح مصائب کے بعد دعوت الی اللہ

یوسف علیہ السلام کی طرح مصائب کے باجود تبلیغ اور عفو درگزر — یعقوب علیہ السلام کی طرح توکل

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری — آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

جہاں کے سارے کمالات ایک تجھ میں ہیں — تیرے کمال کسی میں نہیں مگر دو چار

almuneer.pk

# آٹھواں درس:

## بقیہ پانچواں حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا

Download

2. جو کسی نبی کے پاس دنیا میں نہ تھا وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا

(1)عہد ومیثاق (2)عمومی رسالت (3)ختم نبوت (4)دائمی معجزہ
(5) جوامع الکلم (6)رعب ونصرت (7)محبوب خالق (8)رحمت عالم
(9) امان عالم (10)خزائن عالم (زمینی خزانے)

Download

3. جو کسی نبی کے پاس آخرت میں نہ ہوگا وہ محمد رسول اللہ کے پاس ہوگا

(1)مقام وسیلہ وفضیلہ (2)مقام محمود وشفاعت عظمی (3)مقام اولیت

almuneer.pk
almuneer.pk
almuneer.pk

# نواں درس:

## بقیہ پانچواں حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کرنا

4. جو کسی نبی کی امت کے پاس دنیا میں نہ تھا وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت کے پاس ہے

(1) خیر الامم (2) مال غنیمت کا حلال ہونا

(3) پوری زمین مسجد اور طہارت کا ذریعہ (4) احکام کے اعتبار سے آسانیاں

(5) جمعہ کے دن کا تحفہ (6) بھول چوک کی معافی

(7) عمومی عذاب الٰہی سے حفاظت (8) پوری امت کا گمراہی پر جمع نہ ہونا

(9) زمین پر اللہ کے گواہ (10) نماز کی صفیں ملائکہ کی صفوں کے مشابہ

5. جو کسی نبی کی امت کے پاس آخرت میں نہ ہو گا وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت کے پاس ہو گا

(1) روشن پیشانی (2) دوسری امتوں پر گواہی

(3) سب سے پہلے پل صراط سے گزرنا اور جنت میں داخلہ

(4) عمل تھوڑا ثواب زیادہ (5) جنت میں سب سے زیادہ تعداد

(6) دنیا میں آنے کے اعتبار سے پیچھے لیکن قیامت کے دن آگے

almuneer.pk

Download
AUDIO

## 6. بااعتبار امت (جو خصائص حضور ﷺ کو حاصل تھے امت کے مقابلہ میں)

(1) کچھ چیزیں آپ ﷺ کے لیے خصوصیت کے ساتھ حرام تھیں امت کے لیے نہیں

1) صدقات واجبہ آپ ﷺ کے لیے حرام تھے 2) جو عورت آپ ﷺ کے ساتھ نکاح کو ناپسند کرتی تو وہ آپ کے لیے حرام ہوتی 3) جہاد کے لیے ہتھیار اٹھانے کے بعد بغیر جہاد کے اتار نا حرام تھا 4) آنکھوں سے اشارہ کرنا 5) کتاب کی تعلیم حاصل کرنا 6) شعر و شاعری کرنا

(2) کچھ چیزیں آپ ﷺ کے لیے خصوصیت کے ساتھ حلال تھیں امت کے لیے نہیں

1) صوم وصال 2) ولی کی اجازت اور گواہوں کے بغیر نکاح کی اجازت 3) چار سے زائد شادیوں کی اجازت 4) مکہ مکرمہ میں قتال کرنا اور بغیر احرام کے داخل ہونا

(3) کچھ چیزیں آپ ﷺ پر خصوصیت کے ساتھ واجب تھیں امت پر نہیں جیسے تہجد

(4) دیگر خصوصیات

1) اقوال اور افعال میں غلطی سے حفاظت 2) آپ مالی ما پیام کی توہین کرنا کفر ہے 3) آپ ﷺ پر جھوٹ باندھنا بہت بڑا گناہ ہے 4) دیکھنے کے ان کے اعتبار سے خصوصیت 5) بیٹھ کر نفل نماز پڑھنے کا ثواب کھڑے ہو کر پڑھنے کے برابر 6) آپ کی میراث کا تقسیم نہ ہونا 7) آپ کی ازواج مطہرات مؤمنین کی مائیں 8) آپ ﷺ کو خواب میں دیکھنا حقیقت میں دیکھنا ہے۔

almuneer.pk almuneer.pk almuneer.pk

# دسواں درس:

Download

## بقیہ پانچواں حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا

### (2جمال)

(1)روئے انور: 1)سراجا منیرا تھا2) حسین ترین تھا3)قرآن کا ورق تھا 4) سرخ و سفید تھا5) آئینے جیسا تھا6) روشن تھا7) چاند جیسا تھا8) چاند کا ٹکڑا تھا 9) سورج جیسا تھا10) سورج چاند جیسا

(2)جبیں دلنشین (3)محرابی ابرو

(3)مخمور آنکھیں: 1)اشک باری (4)بلند اور نمایاں ناک

(5)رخسار مبارک (6)لب مبارک: 1)بوسہ لینا 2)مسکرانا اور ہنسنا

(7)دندان مبارک (8)دھن مبارک (9)لعاب مبارک

(10)زبان، درفشاں: 1)خوش الحانی 2)منظر کشی 3)اثر انگیزی

(11)ٹھوڑی مبارک (12)کان مبارک (13)داڑھی مبارک

(14)تراشیدہ موچھیں

(15)زلفیں مبارک: 1) کنگھی کرنا2)مانگ نکالنا3)آئینہ دیکھنا4)خوشبو لگانا

(16)گردن مبارک (17)کندھے مبارک (18)مہر نبوت

almuneer.pk

(19)سینہ مبارک (20)قلب مبارک (21)شکم مبارک

(22)پشت مبارک (23)بازو مبارک (24)دست مبارک

(25)ساق مقدس (26)پاؤں مبارک: 1)قدمین شریفین 2)قدم بڑے تھے 3)انگلیاں لمبی تھیں 4)پاؤں کے تلوے 5)پاؤں کی ٹھنڈک 6)ایڑیاں مبارک

almuneer.pk almuner.pk almuneer.pk

# گیارھواں درس:

Download

## بقیہ پانچواں حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کرنا

### (3) احسانات

- ساری انسانیت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی احسان مند ہے
- ساری انسانیت پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے 6 بڑے احسانات

پہلا احسان: وَحدتِ رَب (یعنی دنیا کو عقیدہ توحید کی نعمت دی)

دوسرا احسان: وَحدتِ آبْ (یعنی دنیا کو وحدت انسانی کا تصور دیا)

تیسرا احسان: احترام انسانیت (یعنی دینا کو انسان کی قدر و قیمت کا سبق دیا)

چوتھا احسان: انسان کو مایوسی اور احساس کمتری سے نکالنا (یعنی انسان پر چھائی ہوئی مایوسی کی کیفیت کو دور کر دیا)

پانچواں احسان: دین و دنیا کی وحدت کا تصور (یعنی دین اور دنیا کی اس تقسیم کو ختم کر کے پوری زندگی کو عبادت اور ساری زمین کو عبادت گاہ بنادیا)

چھٹا احسان: حقیقی مقصد زندگی سے باخبر کرنا (یعنی منزل مقصود سے بے خبر انسان کو اس کی منزل سے آگاہ کر دیا)

almuneer.pk

## بارھواں درس:

# بقیہ پانچواں حق: حضور ﷺ سے محبت کرنا

❑ حضور ﷺ سے جس محبت کا مطالبہ ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ اہل ایمان کو حضور ﷺ سے جو محبت ہے وہ محبت طبعی نہیں بلکہ عقلی اور روحانی ہو

❑ حضور ﷺ سے محبت کرنے کی درج ذیل علامات ہیں:

**پہلی علامت:** آنحضرت ﷺ کے دیدار اور ملاقات کی شدید خواہش ہونا۔

**دوسری علامت:** حضور ﷺ کے بتائے ہوئے طریقہ زندگی (سنت رسول) میں دنیا و آخرت کی کامیابی سمجھنا اور ان سے محبت کرنا سر سے لیکر پیر تک اور زندگی کے ہر شعبہ میں، خوشی نمی کے ہر موقع پر اسی کو اپنانا اس کو ترجیح دینا، حضور ﷺ کے طریقہ کے خلاف غیروں کے طریقوں میں دنیا و آخرت کی ناکامی سمجھنا ان سے نفرت کرنا ان سے بچنا۔

**تیسری علامت:** حضور ﷺ کی ذات عزت و ناموس اور آپ کے دین کی حفاظت، نصرت اور دفاع کے لیے ہمہ وقت اپنی جان، مال، صلاحیتیں قربان کرنے کے لیے مستعد اور تیار رہنا۔

**چوتھی علامت:** حضور ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھنا۔

almuneer.pk

**پانچویں علامت:** کثرت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا تذکرہ کرنا۔

**چھٹی علامت:** جن لوگوں یا چیزوں سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو محبت تھی ان سے محبت کرنا، اور جو لوگ اور چیزیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ناپسند تھیں ان کو ناپسند کرنا۔

**ساتویں علامت:** جن لوگوں جن چیزوں کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے نسبت تھی اس نسبت کی وجہ سے ان سے محبت رکھنا ان کی رعایت رکھنا۔

almuneer.pk
almuneer.pk
almuneer.pk

# تیرھواں درس:

## بقیہ پانچواں حق: حضور ﷺ سے محبت کرنا

Download

❑ حضور ﷺ سے محبت پیدا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ:

(1) نبی کریم ﷺ کی محبت کی فرضیت اور اس کے ثمرات اور حضور ﷺ سے محبت کرنے والوں کے حالات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے

(2) حضور ﷺ کے کمالات و احسانات کو سوچا جائے۔

(3) کتب سیرت (جن میں واقعات سیرت ہوں یا تعلیمات نبوی کی روشنی میں امت یا تعلیمات نبوی کی روشنی میں امت کے مسائل کا حل ہو) اور کتب شمائل و خصائص کا کثرت سے مطالعہ کیا جائے۔

(4) حضور ﷺ کی زندگی، کمالات، احسانات کے کثرت سے تذکرے کئے جائیں۔

(5) درود شریف کی کثرت ہو۔

(6) سنت کے سانچوں میں ڈھلے ہوئے اہل اللہ کی صحبت اختیار کی جائے۔

almuneer.pk

❑ حضور ﷺ سے محبت کے اظہار کا طریقہ یہ ہے کہ:

پہلی بات: محبوب کا مقام و مرتبہ کا لحاظ رکھنا

دوسری بات: محبوب کی پسند و ناپسند کا خیال کرنا

تیسری بات: محبوب کی اطاعت کرنا

● اظہار محبت کے مروجہ طریقے اور ان کی شرعی حیثیت۔ Download

مثلاً: ماہ ربیع الاول کی من گھڑت فضیلتیں بیان کرنا۔ ماہ ربیع الاول میں سبیلیں لگانا، کھانا تقسیم کرنا۔ ماہ ربیع الاول میں جھنڈیاں لگانا۔ 12 ربیع الاول کا روزہ رکھنا مروجہ جشن عید میلاد النبی منانا

## ❑ صحابہ رضی اللہ عنہم کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنے کی 16 مثالیں اور نمونے Download

almuneer.pk
almuneer.pk
almuneer.pk

## چودھواں درس:

# چھٹا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے دین اور پیغام کی مدد و نصرت کرنا

- ❑ ہمیں دین کی مدد اور نصرت کا حکم ہے Download
- ❑ دین کی مدد اور نصرت کی شکلیں اور طریقے یہ ہیں: Download

(1) **اشاعت دین:** (1) دعوت و تبلیغ (2) وعظ و نصیحت (3) تدریس تعلیم (4) تصنیف و تالیف

(2) **حفاظت اور دفاع دین:** (1) جہاد فی سبیل اللہ (2) اسلام کی برتری ثابت کرنا (3) سیاست

almuneer.pk

- ❑ دین کا دفاع اور نصرت کرنے والوں کے واقعات Download

- ● دین کے دفاع کے خاطر اپنی جان کی قربانی دینے والوں کے 9 واقعات کی
- ● دین کے دفاع کے لیے اپنی ضرورت، کام اور وقت کی قربانی دینے والوں کے 3 واقعات
- ● دین کے دفاع کے لیے اپنے مال کی قربانی دینے والوں کے 6 واقعات
- ● دین کے دفاع کے لیے اپنے تعلقات کی قربانی دینے والوں کے 9 واقعات

# سیرت و سوانح سے متعلق مفتی منیر احمد صاحب کی دیگر تالیفات و رسائل

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | سیرت کوئز لیول 1 | مطبوعہ | 30 |
| 2 | سیرت کوئز لیول 2 | غیر مطبوعہ | |
| 3 | فہم حقوق مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | مطبوعہ | 1000 |
| 4 | سیرت کوئز (تعارف حقوق مصطفیٰ) | مطبوعہ | 50 |
| 5 | مختصر حقوق مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | غیر مطبوعہ | |
| 6 | ربیع الاول، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کے اظہار کے طریقے | مطبوعہ | 120 |
| 7 | عوام کو سیرت کیسے سکھائیں؟ | مطبوعہ | |
| 8 | فہم حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم | مطبوعہ | |
| 9 | سیرت حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ | مطبوعہ | 100 |
| 10 | سیرت امام اعظم ابو حنیفہؒ | مطبوعہ | 110 |
| 11 | سیرت امام مالکؒ | مطبوعہ | |
| 12 | سیرت امام بخاریؒ | مطبوعہ | |
| 13 | سیرت حضرت مولانا عبدالقادر رائے پوریؒ | غیر مطبوعہ | |
| 14 | مزاج نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | غیر مطبوعہ | |

almuneer.pk

# مفتی منیر احمد صاحب کی مطبوعہ تالیفات و رسائل




Almuneer.pk AlmuneerOfficial Almuneer